مسجد میں تھوکنا۔ کسی پر جھوٹا الزام لگانا، قبلہ رخ پیشاب کرنا، حمام میں قرآنی آیات پڑھنا، ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا، مال حرام استعمال کرنا۔ میوہ دار درخت کے نیچے پیشاب کرنا۔ زیادہ ہنسنا۔ زیادہ کھٹی اشیاء کا کھانا، زیادہ سونا، دوپہر کا قیلولہ نہ کرنا، نظروں کی حفاظت نہ کرنا، دو عورتوں کے درمیان چلنا۔ پنیر کا کھانا۔ بسم اللہ

Scanned by CamScanner

پڑھے بغیر کھانا۔ ترش سیب کھانا۔ سبز دھنیا کھانا۔ علماء دین کی بے ادبی کرنا۔

ضدی بچے کے لیے

اگر بچہ ضد کرتا ہو تو روزانہ 41 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیں۔ انشاءاللہ چند دنوں میں ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

اولاد کی فرمانبرداری کے لیے

اولاد کی فرمانبرداری کے لیے اور اللہ کے پسندیدہ عمل کرنے کے لیے 3 دفعہ روزانہ پڑھیں۔ انشاءاللہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ
اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ
صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ
تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

(سورہ الاحقاف آیت نمبر 15)

گمشدگی اولاد کے لیے

اگر کسی کی اولاد کھو گئی۔ گم ہو گئی ہو اور اس کی تلاش میں حیران و سرگرداں ہو اور ان پر مایوسی کے بادل چھا گئے ہوں۔ تو اس کو چاہیے کہ ان آیات کو پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ
وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا

Scanned by CamScanner

يَعْلَمُوْنَ (سورہ القصص (پارہ نمبر 20 آیت نمبر 13))

صالح اولاد پیدا ہونے اور اولاد کو نیک بنانے کے لیے

صاحب مطالع المرات فرماتے ہیں کہ یہ درود مکرم منبع ومخزن اخلاق کریمہ وخصائل حمیدہ ہے۔ اگر حاملہ عورت کو روزانہ (21) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو اولاد صالح پیدا ہوتی ہے اور اگر شیر خوار بچے کو اسی طرح روزانہ پلایا جائے تو بفضلہٖ نیک عادت پر قائم رہے گا۔ ایسے ہی بد اخلاق، زانی اور شرابی کو پلانے سے تمام بُری عادتوں سے چھٹکارہ مل جائے گا۔ درود پاک یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْرَمِ الْاَسْلَافِ الْقَائِمِ بِالْعَدْلِ وَالْاَنْصَافِ الْمَنْعُوْتِ فِیْ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ الْمُنْتَخَبُ مِنْ اَصْلَابِ الشِّرَافِ وَالْبُطُوْنِ اِنْطِرَافِ الْمُصَفّٰی مِنْ مَصَاصِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ نِ الَّذِیْ هَدَیْتَ بِهٖ مِنَ الْخِلَافِ وَ بَیَّنْتَ بِهٖ سَبِیْلُ الْعَفَافِ

بچوں کے امراض کے لیے

صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار الحمد سورہ فاتحہ بسم اللہ کے میم کو ملانے کے ساتھ مکمل سورہ پڑھیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اولاد کو فرمانبردار بنانے کے لیے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی اولاد اس کی تابعداری کرے تو اسے چاہیے

Scanned by CamScanner

کہ نماز جمعہ کے بعد اس درود شریف کو (100) مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ اولاد تاحیات مطیع وفرمانبردار رہے گی۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ
اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اولاد کی زندگی کے لیے

اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو زندہ نہ رہتی ہو یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو ان تمام مسائل میں مبتلا افراد اس دعا کو روزانہ صبح و شام (11) دفعہ پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ بہت جلد ایسی اولاد عنایت کریں گے جو صالح اور نیک ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس بابرکت آیت کی وجہ سے دنیا و آخرت کی مشکلات حل فرما دیں گے۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَکُمْ اَوِاجْھَرُوْا بِہٖ ط اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ o اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ط وَھُوَ اللَّطِیْفُ
الْخَبِیْرُ (سورہ الملك آیت نمبر 13,14 پارہ 29)

بچے کی صحت کے لیے

اگر کوئی بچہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور ہو یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر (21) دن تک (141) دفعہ اس آیت کو پڑھے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُدَافِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ

Scanned by CamScanner

كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ (سورہ الحج آیت 38 پارہ نمبر 17)

اولاد کا مطیع ہونا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیت کریمہ کو پڑھا کرے اور ذریتی کی جگہ اپنے لڑکے کے نام ذہن میں رکھے۔

رَبِّ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ
وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

بچہ زیادہ روتا ہو

بچے کے گلے میں یہ آیت لکھ کر ڈال دیں۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَةُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ
مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

اگر بچہ مکتب و مدرسہ سے بھاگ جاتا ہو

یہ تعویذ بچے کے گلے میں ڈالیں:

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ کَلَّا بَلْ تُکَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ
وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحَافِظِیْنَ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ ۝ یَعْلَمُوْنَ مَا
تَفْعَلُوْنَ ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ
یَّصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِیْنَ

Scanned by CamScanner

اگر اولاد باغی ہو جائے

(الف) افغیر دو ن اللہ یبغون ولہ اسلم من فی السموت والارض طوعا و کرھا و الیہ ترجعون o

(ب) تین مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر کان میں پھونکیں۔

-2 وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

ہر فرض نماز کے بعد ایک بار پڑھے نافرمان اولاد مطیع ہو گی۔

بچہ کے دانت آسانی سے نکلیں

سورہ ق لکھ کر پانی میں بھگو دیں وہ پانی اس کے دانتوں کی جگہ ملیں۔ دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

بچہ کے دودھ چھڑانے کے لیے

(الف) سورہ بروج باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالیں۔

(ب) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَلْمَتِیْنُ الَّذِیْ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِقُوَّۃِ الْمَتِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

یہ لکھ کر چھ دن اس کو پلائیں۔ دودھ چھڑانے میں تنگ کرے گا۔

بچوں کے دانت آسانی سے نکلنا

بچوں کے دانت باسانی نکلنے کے لیے۔ یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کریں

Scanned by CamScanner

اور باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے دانت نکل آئیں گی۔وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o الٓرٰ قف تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ

بچے کو بھوک نہ لگنا

اگر بچے کو بھوک نہ لگتی ہو اور کھانے سے جی چراتا ہو تو اس کے لیے اول بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں اس کے بعد بارہ (12) بار"یا رحیم" پڑھ کر کھانے پر دم کریں اور بچہ کو کھانے کو دیں۔انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو بھوک لگنے لگی اور چند دن یہ عمل کرنے سے بچہ کھانے کھانا لگے گا۔

نافرمان اولاد کے لیے

اگر اولاد نافرمان ہو تو یہ وظیفہ نہایت مجرب ہے۔چالیس (40) دن بعد نماز عشاء دو سو مرتبہ پڑھیں اول آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھیں۔چالیس دن کے بعد صرف اکیس (21) مرتبہ ہر روز پڑھ لیا کریں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا خَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ یَا عَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ یَا غَفَّارُ

بچوں کی نظر بد اور ہر قسم کے شر سے حفاظت کے لیے

چھوٹے بچے پھول کی مانند ہوتے ہیں۔ناسمجھ ہوتے ہیں۔اس لیے ان

Scanned by CamScanner

پر نظر بد کا اثر جلد ہو جاتا ہے اور نا سمجھی کی وجہ سے ان کی حفاظت بھی ایک مستقل مسئلہ ہے۔ لہٰذا اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے بچے ہر قسم کی نظر بد اور ہر طرح کے شر سے محفوظ رہتا ہے وہ عمل یہ ہے۔

صبح کو ایک مرتبہ اور شام کو ایک مرتبہ کرنا ہے۔ باوضو اول تین بار درود شریف، تین بار سورہ فاتحہ، تین بار سورہ اخلاص، تین بار سورہ فلق، تین بار سورہ ناس، آخر میں تین بار درود شریف یہ سب پڑھ کر بچوں پر دم کر دیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچے ہر طرح سے محفوظ رہیں گے۔

کند ذہن اور پڑھائی سے بھاگنے والا بچہ

بعض بچے قدرتی طور پر کند ذہن ہوتے ہیں۔ انہیں سبق بہت مشکل سے یاد ہوتا ہے۔ اسی سبب سے وہ پڑھائی سے جی چراتے ہیں اور پڑھنے سے بھاگتے ہیں۔ اس کے لیے یہ نقش بہت مفید ہے اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ بچہ پڑھنے لکھنے لگے گا۔

اس آیت کو باوضو تین بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے صبح و شام بچہ کو کھلا دیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچے کا ذہن روشن ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

نٓ ٥ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْن ٥

یا حی	۷۸۶	یا قیوم

يَسْطُرُوْنَ	وَمَا	وَالْقَلَمِ	نٓ
نٓ	يَسْطُرُوْنَ	وَمَا	وَالْقَلَمِ
وَالْقَلَمِ	نٓ	يَسْطُرُوْنَ	وَمَا
وَمَا	وَالْقَلَمِ	نٓ	يَسْطُرُوْنَ
يَسْطُرُوْنَ	وَمَا	وَالْقَلَمِ	نٓ

چھوٹے بچوں کا خواب میں ڈرنا

بعض مرتبہ چھوٹے بچے خواب میں ڈرتے ہیں یا روتے ہیں۔ اس پریشانی سے نجات کے لیے یہ آیت باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کے ڈر خوف سے آزاد ہو جائے گا۔

وہ آیت مبارکہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءً یُّجْزَبِہٖ وَلَا یَجِدْلَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا

سوتے میں بچہ کا ڈرنا

اگر کوئی بچہ یا بڑا سوتے میں ڈر کر اٹھ جاتا ہو یا اسے سوتے وقت ڈر لگتا ہو تو اس کے لیے باوضو اول تین (3) بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین (3) بار سورہ الزلزال پڑھیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل آیت تین (3) بار پڑھیں۔ آخر میں تین (3) بار درود شریف پڑھ کر ایک گلاس میں پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پلا دیں اور مریض کے بستر پر بھی چھڑک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین (3) دن یا سات (7) دن عمل کرنے سے ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

اولاد کا فرماں بردار ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے بچے اس کا کہنا مانیں اس کی اطاعت کریں اور وفادار ہو تو اس کے لیے اسم مبارک یارقیب باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بسکٹ پر گیارہ بار لکھیں اور بچے کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کہنا ماننے لگے گا۔

جان و اولاد کی حفاظت کے لیے

جو شخص کسی دشمن سے اپنی یا اپنی اولاد کی جان کو خطرے میں محسوس کرتا ہے۔ یا اسے وہم ہے کہ اس کی یا اس کی اولاد کی جان محفوظ نہیں ہے۔ تو اسے چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت کو باوضو کسی سنار سے چاندی کی تختی پر نقش کرالے اور چالیس مرتبہ یہی آیت باوضو پڑھ کر اس تختی پر دم کر دیں اور وہ چاندی کا ٹکڑا انگوٹھا میں نگینے کے نیچے رکھ لیں۔ اس انگوٹھی کو اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لیں اور کبھی نہ اتاریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جان و مال اور اولاد محفوظ رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ o

بہن بھائی، بھائی بھائی میں لڑائی

بعض بچے شرارتی ہوتے ہیں اور بہن بھائی یا بھائی بھائی ہر وقت لڑتے رہتے ہیں اور ان کا جھگڑا کسی صورت ختم ہونے کو نہیں آتا۔ اس کے لیے ایک سو (100) بار باوضو یہ آیت پڑھ کر تکیہ پر دم کر لیں۔ اسی طرح ایک سو (100) بار پڑھ کر دوسرے کے تکیہ پر دم کیا جائے اور وہ تکیے الگ الگ استعمال کریں۔ یعنی ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے۔ اس کی آسان شکل یہ ہے کہ دونوں کے تکیوں کے غلافوں

Scanned by CamScanner

بچوں کے مسائل کا روحانی علاج

بچوں الگ الگ ہوتا کہ پہچان رہے یا ان کے نام لکھ دیئے جائیں۔ یہ عمل چالیس

کا رنگ الگ کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس کی لڑائی ختم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

(40) روز کیا جائے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝

نظر بد کا نقش

اگر کسی بچے کو بار بار نظر لگتی ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر

بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ ہو

جائیگا۔

۷۸٦

یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ

برائے نظر بد

اگر کسی بچے کو نظر بد لگ گئی ہو تو اس کے نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں

باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸٦

یا جبار	یا جبار	یا جبار
یا جبار	یا جبار	یا جبار
یا جبار	یا جبار	یا جبار

Scanned by CamScanner

بچوں کا بیماری سے اچھا ہونا

اگر گھر میں کوئی بچہ بیمار ہو اور اس کا مرض جاتا نہ ہو تو اس کے لیے سورہ ویل للمطففین سات (7) مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل تین دن مسلسل بلاناغہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بیماری سے صحت یاب ہو جائے گا۔

برائے دفع مسان

مسان کا مرض بہت خطرناک ہے اس مرض میں بچے کا گوشت سوکھ جاتا ہے اور وہ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جاتا ہے اور چند دن زندہ رہ کر مر جاتا ہے۔ اس کے لیے نیلے رنگ کے اکتالیس (41) دھاگے ایک ہاتھ لمبے لیں اور ان کو یکجا کر کے باوضو: سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ٥ ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دیں اور اس پر دم کریں۔

اسی طرح اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر اکتالیس (41) گرہ دیں اور ہر گرہ پر ساتھ ساتھ دم کرتا جائے۔ یہ گنڈہ دوہرا کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان کے مرض سے محفوظ رہے گا۔ اگر خدانخواستہ مسان کے مرض میں مبتلا ہو گیا ہو تو تندرست ہو جائے گا۔

بچے کا مسان کی بیماری سے صحت یاب ہونا

اگر کسی بچے کو مسان کی بیماری ہو اور وہ دن بدن گھلتا جا رہا ہو اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا ہو اور اس کے جسم کا گوشت غائب ہو چکا ہو تو اس کے لیے ڈھائی کلو تل سفید لے کر لکڑی کے کولھو سے اس کا تیل نکلوائیں۔ اس کو پلاسٹک کی بوتل میں ڈال

Scanned by CamScanner

لیں تا کہ بوتل ٹوٹنے سے تیل ضائع نہ ہو اس پر اول و آخر سات سات (7) بار درود قہاری بلا بسم اللہ شریف کے پڑھیں اور ستر (70) مرتبہ بغیر بسم اللہ کے سورہ والضحیٰ پڑھ کر اس بوتل پر دم کریں۔ اس دم کیے ہوئے تیل کو مسان والے بچے کے جسم پر زوال سے پہلے پہلے ہلکی ہلکی مالش کریں۔ مالش اور تیل جسم کا کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ عمل اکیس (21) روز کریں اور ماش کا آٹا لے کر بچے کے بدن سے آٹا مل کر جو میل اترے اس کی ٹکیہ بنا کر چوراہے پر روزانہ ڈال دیا کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ بچے سے مسان کی بیماری دور ہو جائے گی۔ درود قہاری یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی
اَعْدَاءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

بچہ کا بات بات پر رونا، ضد کرنا

اگر کوئی چھوٹا بچہ بات بات پر ضد کرتا ہے اور اکثر بلا وجہ روتا رہتا ہے۔ تو اس کے لیے یہ نقش بہت موثر علاج ہے اس نقش کو باوضو سفید کاغذ پر کالی پکی روشنائی سے یا زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھا جائے اور موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ لکھنے والا اور موم جامہ کرنے والا دونوں باوضو ہو کر عمل کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ چند دن بعد بچہ ضد چھوڑ کر ہنسنے کھیلنے والا بچہ بن جائے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۸۶	یا بدوح	۷۸۶
یا بدوح	اللہ	یا بدوح
۷۸۶	یا بدوح	۷۸۶

Scanned by CamScanner

اولاد کی نافرمانی اور شرارت سے حفاظت

اولاد اگر نافرمان ہو تو گھر کا سارا نظام بگڑ جاتا ہے۔اسی طرح نافرمانی کے ساتھ ساتھ شرارت بھی شامل ہو جائے تو ایسی اولاد والدین کے لیے عذاب بن جاتی ہے۔ایسے بچے جب سو جائیں تو باوضو یہ آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o پڑھ کر تین (3) بار دائیں کان میں دم کریں اور اسی طرح تین (3) بار پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ چند دن یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ اولاد فرماں بردار اور نیک عادت بن جائے گی اور شرارت چھوڑ کر اچھے اچھے کام کرے گی وہ آیت یہ ہے:

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ o

بچوں کی بُری عادت سے بچانا

بعض بچے بہت سی بُری عادتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔مثلاً بعض بچے ہر وقت انگوٹھا چوستے رہتے ہیں یا بعض بچے ہر وقت چینی پھانکتے رہتے ہیں۔یا بعض بچے ٹھیکری اور مٹی کھاتے ہیں اور اپنی ان عادتوں سے باز نہیں آتے۔ مار پیٹ اس سلسلے میں بیکار ہے۔کیوں کہ بچہ تھوڑی دیر بعد وہی کام کرے گا۔ایسے بچوں کی غلط عادت چھڑانے کے لیے روزانہ باوضو ایک سو اکتیس (131) مرتبہ "یا سلام" پڑھ کر بچے پر دم کر دیا کریں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک بچہ اس عادت سے باز نہ آ جائے اور اس بُری عادت کو نہ چھوڑ دے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے ہی بچہ رک جائے گا اور بُری عادت چھوڑ دے گا۔

Scanned by CamScanner

بچے کی ضد ختم کرنا

اگر بچہ بہت ضدی ہو اور بات بات میں ضد کرتا ہو۔ جس کے سبب والدین بہت پریشان رہتے ہوں تو ایسی صورت میں حرف (ط) کو نو مرتبہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا

اس نقش کی صورت یہ ہوگی:

ط ط ط	ط ط ط
ط ط ط	

فہم و حافظہ میں اضافہ

سات (7) دانہ منقیٰ یا سات (7) دانہ پستہ یا شیرنی (گڑ یا مصری) پر مندرجہ ذیل کلمات بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ اول و آخر درود شریف پڑھیں پھر سات (7) مرتبہ یہ کلمات پڑھیں اور بچے کو کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ بہت بہتر ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ فَهْمَ
الْيَقِيْنَ وَحِفْظَ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِلْهَامَ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

بچے کا رونا بند کرنا

جو بچہ بات بات پر روتا ہے اور چپ نہیں رہتا۔ اس کے لیے یہ کلمات لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دیں۔ کوئی دیو، پری بچہ کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور

Scanned by CamScanner

اس بچہ کا رونا انشاءاللہ تعالیٰ بند ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ الْعِقَارِ وَمِنْ
شَرِّ حَرْقِ النَّارِ

بچہ کا سانس کے مرض سے نجات کے لیے

ایک نیا سر کنڈہ لے یا نئی سینک لے اول اللہ شافی اللہ کافی پڑھے اور اس کے بعد تین (3) مرتبہ سورہ الایلاف قریش پڑھے اور سینک کو تین (3) انگل چاقو سے کاٹ لے۔ اس کے بعد اسی طرح پڑھتا جائے اور سینک کاٹتا جائے۔ یہاں تک کہ سینک پوری ختم ہو جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے اور غصہ کرنے کے لیے

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے اور رونے اور غصہ ہو جانے کو دور کرنے کے لیے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ اس عمل سے بچے الحمدللہ صحیح رہتے ہیں۔ لوہے کی چھری پر درج ذیل کلمات لکھیں اور وہ چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالیں اور وہ بجھا ہو پانی بچہ کو پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ خوش وخرم رہے گا۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

حَقٌّ حَقٌّ بَارٌّ حَسِیْبٌ حَکِیْمٌ مُعِیْدٌ حَفِیْظٌ
حَلِیْمٌ قُلْنَا یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا

دودھ نہ پینے والے بچے کے لیے

جو بچے کسی وجہ سے دودھ نہ پیتے ہوں۔ ان کے لیے نہایت مجرب علاج

تعویذ ہے۔ یہ تعویذ روزانہ سات (7) دن تک کاغذ پر لکھ کر اس کے حروف پانی سے
دھو کر ذرا سا بچے کو اور اس کی ماں کو پلایا جائے۔ تھوڑے پانی سے چھاتی (پستان) ماں
کی دھویا کریں پانی دھونے کا برتن میں نہ گرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد دودھ پینے
لگے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

معرفت	عطا
ضامن	لوء
یا حی	یا قیوم

پیدا ہونے والے بچے کے واسطے دفع آفات

جو بچہ ابھی پیدا ہوا ہے اور اس کو ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ بنانا ہے
تو سورۃ الفاتحہ کو ایک طشت (تھال) میں باوضو لکھیں اور گرم پانی سے اس کو دھوئیں اور
اس پانی کو بچے پر لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا اور اگر
اس سورۃ مبارکہ کو سات (7) مرتبہ سرسوں کے تیل پر پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کو
بچے کے تمام جسم پر مالش کریں تا کہ تیل جسم میں جذب ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ
کیڑے مکوڑے، سانپ، بچھو اور تکلیف دہ جانوروں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ نیز
اگر بچے کے بدن میں درد ہو اس کے بدن میں مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ
حاصل ہوگا اور درد سے نجات ملے گی۔

اگر بچہ سوتے وقت بہت روتا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اس
کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کا رونا جاتا رہے گا۔ نقش یہ ہے:

۸۷۶

سبحان	الله	بحمده
۶۸	۵۸	۱۲۰
۵۷	۱۲۲	۶۷

پھوڑے پھنسی کے لیے

یہ آیت سات (7) بار پڑھ کر پھوڑے پھنسی پر پھونک دیں انشاءاللہ صحت حاصل ہوگی۔

اَمْ اَبْرَمُوْا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ

بستر میں پیشاب کرنا

جس بچے کو بستر میں پیشاب کرنے کی عادت ہو اس کے لیے دو (2) طلسم لکھیں ایک سرہانے رکھ دیں اور دوسرا اس کی جیب میں رکھ دیں۔ یا ہاتھ میں باندھ دیں انشاءاللہ تعالیٰ بستر میں پیشاب خطا نہیں ہوگا۔

ھھو ام ۱۸ اھی لالاہ ہ لالا لاھیاھیاھیاھیاھیاھیاھیااواوا

سوتے میں بچے کا ڈرنا

اگر کوئی بچہ سوتے میں ڈر کر اٹھ جاتا ہو یا اسے سوتے وقت ڈر لگتا ہو تو اس کے لیے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین بار سورہ الزلزال (مکمل سورہ) پڑھیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل آیت تین (3) بار پڑھیں۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے وہ پانی بچے کو پلا دیں اور اس

کے بستر پر بھی چھڑک دیں۔ انشاء اللہ تین دن یا سات دن عمل کرنے سے ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ؕ

(الطلاق 3)

نیک لڑکا پیدا ہونے کا عمل

ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کسی کی اولاد پیدا ہو کر مر جاتی ہو یا آئندہ اولاد ہونا بند ہو گئی ہو تو اسے چاہیے کہ گیارہ دن تک یا جبار کو تین تین ہزار مرتبہ پڑھے اور تین عدد بادام پر دم کرے۔ ایک بادام بیوی کو کھلائے اور دو بادام خود کھائے۔ پھر اپنی بیوی سے خلوت کرے گیارہ دن تک ایسا ہی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کی بیوی اُمید سے ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا فرمائیں گے اور ہر سال ایک بکرا ذبح کر کے اللہ کے نام پر پکا کر لوگوں کو کھلائے۔ انشاء اللہ لڑکا صاحب عمر ہو گا۔

کمزور اور لاغر بچے کا علاج

جو بچہ بیماری کے باعث لاغر اور کمزور ہو گیا ہو اس کے جسم کی بحالی کے لیے۔ اس اسم کا ورد بہت اکسیر ہے۔ تھوڑا سا سرسوں کا تیل لے کر یا جبار کو 1900 مرتبہ پڑھیں اور سات روز تک اسی طرح پڑھائی کر کے تیل پر دم کریں اور پھر اس کمزور بچے کے جسم پر مالش کریں انشاء اللہ بچہ بہت جلد صحت مند اور توانا ہو جائے گا۔ کمزوری اور دبلا پن ختم ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

خوبصورت اور ذہین اولاد کے لیے

جب عورت کو حمل ہوئے سات ماہ گزر جائیں تو روزانہ ایک چمچ روغن بادام شیریں نیم گرم دودھ میں پلائیں۔

فوائد: ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ ذہین پیدا ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ خوبصورت پیدا ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپریشن سے بچے کی پیدائش نہیں ہوگی۔ مگر بآسانی ولادت ہوگی۔ اگر حاملہ روزانہ سو مرتبہ رب ھب لی من الصالحین پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ نیک بھی ہوگا۔

بچے کو سکون کی نیند دلانے کی دعا

جب بچے رات کو سونے لگیں کئی مرتبہ بچے رات کو جلدی نہیں سوتے روتے ہیں۔ نیند نہیں آتی۔ وجہ یہ ہے کہ وہ بے چارے بول بھی نہیں سکتے جسم کی تکلیف بتا بھی نہیں سکتے۔ ماں خود اندازہ لگائے۔ تب اسے یہ پتہ چلے گا کہ فلاں وجہ سے رو رہا ہے۔ جو سمجھ نہیں سکتیں اب ماں خود بخود اس پر غصے ہوتی ہے۔ روتا ہے سو نہیں رہا۔ ایسے وقت میں تحمل سے کام لیجئے ایک دعا بزرگوں نے بتائی ہے۔

اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَهَدَأَتِ الْعُيُوْنُ اَنْتَ
حَيٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَاْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ يَا حَيُّ يَا
قَيُّوْمُ اَهْدِ لَيْلَهٗ وَاَنِمْ عَيْنَهٗ

جب یہ دعا پڑھ کر آپ بچے پر دم کریں گے اللہ تعالیٰ بچے کو سکون کی نیند عطا فرمائیں گے۔ اگر بچی ہے تو لیلہا و انم عینہا کے الفاظ استعمال کریں۔

بچوں کی حفاظت کا انمول وظیفہ

جب بچے سو رہے ہوں تو ان پر حفاظت کا حصار ضرور کر لیا کریں۔ ہمارے مشائخ نے ایک حفاظت کا حصار بتایا ہے اور اس کی اتنی برکتیں ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ موت کے سوا کوئی مصیبت نہیں آ سکتی وہ حصار یہ ہے کہ پہلے درود شریف پڑھ لیا کریں۔ پھر الحمدللہ شریف پوری سورہ پڑھ لیا کریں۔ پھر آیۃ الکرسی پڑھیں اور چاروں قل پڑھیں آخر میں درود شریف پڑھ لیں۔ یہ سب کچھ پڑھ کر اپنے گرد بچوں کے "گرد گھر کے گرد جہاں بزنس، دکان دفتر وغیرہ ہو ان سب کا تصور کر کے ان کے گرد اپنے تصور میں ایک دائرہ بنا دیں۔ جس چیز کے گرد آپ دائرہ بنا دیں گے وہ سب چیزیں اللہ رب العزت کی حفاظت میں آ جاتی ہیں یہ حصار جس دن میں اور جس رات میں آپ بچوں کے گرد بنائیں گے آپ کے بچے فتنوں سے آفتوں سے، مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے اور جس دن کوئی مصیبت آنی ہو گی اس دن آپ یہ عمل کرنا بھول جائیں گے۔

نیک اولاد کے لیے وظیفہ قرآنی

علماء نے لکھا ہے کہ قرآن مجید کی یہ آیت ہے کہ اگر کوئی عورت حمل کے بعد اس دعا کو کثرت کے ساتھ پڑھے گی۔ تو اللہ رب العزت اس کو نیک پاک اولاد فرمائیں گے اور یہ ہمارے مشائخ کا دستور بھی رہا ہے وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ (آل عمران آیت 35)

بچہ دودھ نہ پیتا ہو

اس تعویذ کو لکھ کر شیر مادر میں یا آب دریا میں گھول کر پلائیں دن میں تین بار۔

یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا قیوم
یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا قیوم

بچوں کا رونا

خواہ بچہ کتنا روتا ہو تو ان نقوش کو لکھ کر ایک گلے میں ڈال دیں دوسرا سر کے نیچے رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ فوراً چپ ہو جائیں گے۔

ضا	ضا		ضا
	یا	۱۳۲	۳۶
۳۹	۶۲	۸۹	۶۱
۵۳	۶۱	۱۳	۸۹

ص	ل	ع	ع
۱۳	۱۷	۱۷	و
۱۳	۱۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

نیک بیٹا

زوجہ سے "ملاپ" سے قبل یَا مُتَکَبِّرُ 10 بار پڑھ لینے والا انشاءاللہ تعالیٰ نیک بیٹے کا باپ بنے گا۔

بچہ کا بولنا

اگر بچہ کی زبان نہ چلتی ہو تو سورہ "بنی اسرائیل" زعفران سے لکھ کر دھو کر پلایا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ زبان چل پڑے گی۔

بچہ کے دانت آسانی سے نکلیں

سورہ ق لکھ کر پانی میں بھگو دیں۔ وہ پانی اس کے دانتوں کی جگہ پر ملیں

Scanned by CamScanner

دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

بچہ کا دودھ چھڑانے کے لیے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَلْمَتِيْنُ الَّذِىْ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِقُوَّةِ الْمَتِيْنِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

یہ لکھ کر چند دن اس کو پلائیں۔ دودھ چھڑانے میں تنگ نہ کرے گا

بچہ صالح العادات ہو

شیر خوار بچوں کو چینی یا کسی میٹھی چیز پر الصادق گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ اول آخر درود شریف پڑھیں۔

بچے کا دودھ چھڑانا

اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو تو سات مرتبہ یامتین لکھ کر گھول کر بچے کو پلا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچے کو صبر آجائے گا۔

بستر پر پیشاب کرنے کا علاج

اگر بستر پر پیشاب ہو جاتا ہو تو سات مرتبہ یہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِىْ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقْلِعِىْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَ قُضِىَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِىِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

Scanned by CamScanner

مٹی کھانے کا علاج

خالص گندم کے آٹے کی روٹی پر آیات ذیل لکھ کر کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ پھر مٹی نہ کھائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

بچوں کی قے کا علاج

سوتی پاک کپڑے پر اسماء ذیل لکھ کر بازو پر باندھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

بچہ کے ڈرنے کا علاج

سورہ المدثر کی ابتدائی سات آیات خواب میں ڈرنے والے اور نیند اچاٹ ہو جانے کے لیے ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔ نہایت مجرب ہے

بچہ کا قے اور دست وغیرہ کا علاج

اگر بچہ کو قے یا دست آتے ہیں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں

Scanned by CamScanner

بھی رفع ہو جاتی ہیں اور بچہ قوی الجثہ ہو جاتا ہے پکی گھانی کا پاؤ بھر تیل تلوں کا لے کر اس پر اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور وہ تیل سر پر اور بچے کے پورے بدن پر اکیس دن مالش کریں اور یہی دعا دونوں کانوں میں دم کریں وہ دعائیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ عِيْسٰى صَفِيًّا وَّمُوْسٰى نَجِيًّا
وَّمُحَمَّدًا نَّبِيًّا اِرْتَفِعْ اَيُّهَا اللَّيْلُ بِالَّذِىْ رَفَعَ اِدْرِيْسَ مَكَانًا
عَلِيًّا وَّبِالَّذِىْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا
قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ـ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ
الْعَظِيْمِ

بچے کی درازی عمر کے لیے

جس کے اکثر لڑکے مرجاتے ہیں۔ تو سات (7) مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر سپاری (چھالیہ) پر دم کرکے بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ بچے کی عمر دراز کرے گا۔

بچوں کا رونا

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ رونا چھوڑ دے گا وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا

Scanned by CamScanner

بالقسط

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

بچوں کی جملہ بیماریوں سے لیے تیر بہدف

نقش ذیل بچوں کی جملہ بیماریوں اور تکالیف کے دفعیہ کے لیے تیر بہدف ہے۔ فوری اثر کرتا ہے اور بچہ ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر بچے کے گلے میں باندھ دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جملہ بلیات و بیماریوں سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۸۶۷

ظ	ی	ف	ح
ح	ف	ی	ظ
ی	ظ	ح	ف
ف	ح	ظ	ی

بچوں کی جن کی شر سے حفاظت

اگر کوئی جن چھوٹے بچوں کو نظر آتا ہو تو یا ڈراتا ہو تو سورہ جن کا یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء بچے جن کی شرارت سے محفوظ رہیں گے۔ نقش یہ ہے:

Scanned by CamScanner

۷۸۲۲	۷۸۱۷	۷۸۲۴
۷۸۲۳	۷۸۲۱	۷۸۱۹
۷۸۱۸	۷۸۲۵	۷۸۲۰

اولاد کا نافرمان ہونا اور بُری عادات میں مبتلا ہونا

جونہی آپ دیکھیں کہ آپ کے بیٹے یا بیٹی میں نافرمانی اور سرکشی پیدا ہوگئی ہے تو پوری دیانت داری سے اپنا جائزہ لیں اور اپنے رویے کو درست کریں۔ ہم آپ کو ایک عمل بتاتے ہیں جو باوضو ہو کر کرنا ہے۔ اکیس روز بلا ناغہ کرنا ہے۔

رات کو لڑکا یا لڑکی سو جائے۔ تو وضو کر کے اس کے سرہانے کی طرف کھڑے ہو جائیں اور صرف ایک مرتبہ اتنی سی بلند آواز سے پڑھیں کہ سونے والا بات سن لے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بل ھو قرآن
مجید فی لوح محفوظ

بچوں کو چوری کی عادت چھڑانے کے لیے

اگر آپ کے کسی بیٹے یا بیٹی کے گھر سے پیسے چرانے کی عادت ہوگئی ہے جو کم ہو جاتی ہے تو مندرجہ ذیل اسمائے حسنیٰ اور بسم اللہ شریف ایک صاف ستھرے کاغذ پر کسی بھی سیاہی (نیلی یا کالی) سے لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ

Scanned by CamScanner

یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ

کاغذ تہہ کر کے چوری کی عادت والے لڑکے یا لڑکی کے تکیہ کے اندر روئی میں رکھ دیں۔ یہ تکیہ ہر رات اسی کے سر کے نیچے رکھیں کوئی اور تکیہ استعمال نہ کرے۔ اس نقش کو پُر اثر اور زود اثر بنانے کے لیے نقش لکھنے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھیں۔ پھر ایک سو مرتبہ بسم اللہ الواسع جل جلالہ پڑھیں اول و آخر گیارہ مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھیں۔ اس دوران آپ کا دھیان اللہ پر اور تصور میں متعلقہ بیٹا یا بیٹی ہو۔ اس پر تین پھونکیں ماریں اور نقش تکیے لیے میں رکھ دیں۔

بچوں کو جھوٹ کی عادت چھڑانے کے لیے

اگر آپ کا بیٹا یا بیٹی جھوٹ بولنے کی عادت میں مبتلا ہیں تو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ یہ ہے تو ذرا مشکل لیکن آزمودہ ہے۔

ایک ذرا چوڑی سمندری سیپی بازار سے خرید لیں اور اسے اچھی طرح دھو لیں۔ وضو کریں، کمرے میں تنہا دو نفل پڑھیں اور ایک سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الواسع جل جلالہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ پھر مصلے پر بیٹھ کر ہی سیپی پر کسی بھی سیاہی سے مندرجہ ذیل آیت لکھیں۔

لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ وَلٰکِنْ یُّؤَاخِذُکُمْ بِمَا کَسَبَتْ قُلُوْبُکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ

سیپی پر تین پھونکیں ماریں۔ کم از کم نصف کلو شہد لیں۔ شہد ایسے چوڑے پیالے میں ڈالیں جس میں سیپی شہد میں ڈوب جائے۔ صاف انگلی سے سیپی پر لکھی ہوئی آیت شہد سے دھو ڈالیں اور سیپی نکال کر صاف کر لیں۔ شہد پیالے میں رہنے

Scanned by CamScanner

دیں۔ یا بوتل میں ڈال لیں۔ یہ متعلقہ لڑکے یا لڑکی کو تین چار چمچ روزانہ کھلائیں۔ یعنی ایک چمچ صبح، دوپہر۔ شام اور رات، شہد اگر آدھے سے کم رہ جائے اور اس کے اثرات ظاہر نہ ہوں تو اسی شہد میں مزید شہد ڈال دیں۔

نشے کی عادت چھڑانے کے لیے

اگر آپ کو کوئی گواہی بھی مل جائے کہ بیٹا کسی نشے کا عادی ہو گیا ہے تو اس کے باز پرس نہ کریں۔ نہ اس پر سختی کریں۔ نشہ ایک ایسی عادت ہے جس پر پند و نصیحت کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اگر آپ سخت طبیعت باپ ہیں تو اس لڑکے یا لڑکی کے ساتھ اپنا رویہ نرم کر لیں بلکہ اس کے ساتھ دوستانہ بے تکلفی پیدا کر لیں۔ عمل یہ کرنا ہے۔ کہ جو نشے کا عادی ہے وہ گہری نیند سویا ہوا ہو۔ تو سرہانے کی طرف کھڑے ہو جائیں اور مندرجہ ذیل آیات صرف ایک بار اتنی سی اونچی آواز میں پڑھیں کہ سویا ہوا شخص جاگ نہ اٹھے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ
وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ
الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

یہ لازمی ہے کہ یہ آیت پڑھنے والا باوضو ہو اگر اس عمل سے پہلے وہ دو رکعت نفل پڑھ لے تو اور زیادہ بہتر ہے۔

بُری عادات چھڑانے کے لیے

بُری عادت بہت سی ہیں۔ مثلاً جوا کھیلنا، فضول خرچی، بدکار لوگوں سے

Scanned by CamScanner

دوستی، رنڈی بازی وغیرہ اگر آپ کو شک ہو کہ آپ کے کسی بیٹے یا بیٹی میں ایک سے زیادہ بُری عادت ہیں۔ تو رات کو جب متعلقہ فرد گہری نیند سویا ہوا ہو تو اس کی چارپائی سے ایک گز کے فاصلے پر کھڑے ہو کر سورہ اخلاص صرف ایک مرتبہ اتنی سی اونچی آواز میں پڑھیں کہ سوئے ہوئے فرد کی آنکھ نہ کھل جائے۔ پھر اس کی طرف پھونک ماریں۔ آپ کا باوضو ہونا ضروری ہے۔ یہ عمل اکیس روز کریں۔

نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

1- یا ودود یا عزیز تین ہزار (3000) مرتبہ مٹھائی پر پڑھ کر نافرمان اولاد کو کھلائیں۔ نافرمان انشاء اللہ مطیع و مسخر ہو جائے گا۔

2- نماز فجر میں سنت کے بعد فرض سے پہلے 41 مرتبہ الحمد شریف شیرینی پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں۔ اثر آپ خود دیکھیں گے

گھر سے بھاگے ہوئے کو واپس لانا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ

الْكَوْثَرَ بِحَقِّ جِبْرَائِيْل

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ بِحَقِّ مِيكَائِيْل

اِنَّ شَانِئَكَ بِحَقِّ اِسْرَافِيْل

هُوَ الْاَبْتَر بِحَقِّ عِزْرَائِيْل

فلاں بن فلاں کو چین نہ دیس چین نہ دیس (بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام)

Scanned by CamScanner

عصر کی نماز کے بعد 41 کالی مرچیں لے کر ہر ایک پر مندرجہ بالا عمل پڑھیں اور جلتے کوئلے میں ڈال دیں۔ اس طرح 41 مرچ پوری کریں۔ تھوڑی چینی بھی عمل پڑھتے وقت پاس رکھیں چینی پر دم کر کے چیونٹیوں کے بلوں میں ڈالیں۔
انشاءاللہ تعالیٰ اکیس (21) دن کے اندر اندر مطلوب گھر آ جائے گا۔

بری عادت چھڑانے کے لیے

نماز فجر کے بعد ساٹھ (60) مرتبہ مندرجہ ذیل آیات کفایات پڑھیں۔
مطلوب پر پھونک ماریں۔ میرا مولا کرم کرے گا۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا
وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا
وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا
وكفى بالله عَلِيْمًا
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا
وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا

ہیروئن، شراب، زنا اور جوا چھڑانے کا عمل

عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس (41) مرتبہ الحمد شریف اکتالیس (41) مرتبہ قل شریف تین (3) مرتبہ سورہ جمعہ تین (3) بار سورہ رحمٰن تین (3) مرتبہ سورہ دا... عمل کرتے وقت مٹھائی اور پانی اپنے پاس رکھیں۔
عمل کر کے مٹھائی اور پانی پر دم کریں۔ جب مطلوب سے نشہ اتر جائے تو

کسی طرح مٹھائی یا چینی دودھ یا چائے میں پلائیں۔ کھانے کے وقت دم کیا ہوا پانی پلائیں۔ مندرجہ بالا عمل ہفتے میں 3 مرتبہ پیر جمعرات اور جمعہ کی رات کو کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نوے (90) دن میں مطلوب کی ہر بُری عادت چھوٹ جائے گی۔

بچے کے رونے کے لیے

-1 میٹھی چیز پر تین (3) مرتبہ الحمد شریف تین (3) مرتبہ قل اللہ احد شریف تین (3) مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور بچے کو کھلائیں وہ خاموش ہو جائے گا۔

-2 لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

21 مرتبہ پانی پر پڑھ کر اور بچے پر دم کریں اور پانی بچے کو پلائیں۔ پھر کلمہ شریف کی کرامت دیکھیں۔

بچوں کے ڈرنے کے واسطے

اگر بچہ خواب میں ڈرتا ہو یا روتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ شفا ہوگی۔

مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءً یُّجْزَبِہٖ وَلَا یَجِدْلَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا

نظر بد کے لیے

-1 جس بچے کو نظر لگ گئی ہو۔ ان حروف کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اثر جاتا رہے گا۔

Scanned by CamScanner

ما ما ما حم حم حم ر لا د ع ع

جس کو نظر بد لگ گئی ہو۔ تو اس پر ان آیات شریفہ کو پانچ بار یا سات بار پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o لِخَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ط ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ط وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

بچوں کی دھونی کے لیے

جو بچے روتے بہت ہوں اور ان کو کسی قسم کی تکلیف کان کا درد ہو یا مونڈھا از نا وغیرہ یا نظر بد کا لگ جانا ہو۔ تو اس کا فتیلہ بنا کر اس کی دھونی بچے کو دی جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ نظر کا اثر بھی جاتا رہے گا اور رونا بھی بند ہو جائے گا۔

۲۸۹۳۱ طح

2۔ مذکورہ بالا عمل کی طرح یہ بھی ہے اسی طرح عمل میں لائیں۔

نمرود ھامان فرعون شداد ۱۲ ۷ ۹ ۷ ۸ ۸ ۳ عح عح عح

برائے اطاعت والدین

اگر کسی کا لڑکا شرارت کرتا ہو۔ بھاگ بھاگ جاتا ہو اور والدین یا آقا

کی اطاعت نہ کرتا ہو۔ ایسے نافرمان کو اگر مطیع کرنا منظور ہو تو اس آیت کریمہ کو گنتی میں تیرہ (313) دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا یا کسی چیز پر دم کر کے کھلانا یا لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالنا مجرب ہے۔

خسرہ کا علاج

یہ آیت جست کے ٹکڑے پر کندہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ خسرہ سے محفوظ رہے گا۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ
شَآءَ اللّٰهُ وَ تَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ

خارش کا علاج

1- روزانہ صبح وشام اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پینے سے خارش سے مکمل آرام آجاتا ہے۔

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ

2- سیدنا جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ صبح وشام سات سات مرتبہ سورہ قدر پانی پر دم کر کے پلانا خارش کے لیے بہت مفید ہے۔

داد اور چنبل کا علاج

1- داد پر یہ آیت لکھنے سے داد ختم ہو جاتا ہے۔

فَاَصَابَهَا اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ

Scanned by CamScanner

داد پر اس آیت کو لکھ کر باندھ دیا جائے تو داد ختم ہو جاتی ہے۔

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا قَرَارٍ

سوتے میں پیشاب نہ ہونے کا عمل

سوتے وقت والسماء والطارق پڑھ کر سویا کیجئے۔

ذہن کی کمی اور قوت حافظہ کے لیے

یہ دعا سات بار اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِىْ عَنْ غَيْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِىْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ

بچے کی ہدایت اور اصلاح کا وظیفہ

ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یا فتاح (125) بار پڑھ کر دعا کیا کریں۔

بچوں کی بدخوئی کا علاج

جس بچے کی بدخوئی بڑھ گئی ہو اور ماں باپ رنج میں رہتے ہوں تو اس آیت شریفہ کو ہر روز پڑھ کر اس پر دم کریں اور اکتالیس بار پڑھ کر کشمش پر دم کر کے ہر روز پانچ یا سات دانے نہار منہ اس کو کھلا دیا کریں اور کشمش کو تھیلی میں احتیاط سے رکھیں۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے:

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ط
لَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى وَاِنِّىْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّىْ اُعِيْذُهَا
بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

جادو اور نظر لگنے سے حفاظت

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ
اِلَيْنَا وَ بِحَوْلَ اللهِ لَايَقْدِرُ عَلَيْنَا وَاللهُ مِنْ
وَّرَائِهِمْ مُحِيْط ط بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ فِىْ لَوْحٍ
مَّحْفُوْظٍ ط

یہ فقرہ بہت بڑا حصار ہے حفاظت کرتا ہے جادو اور نظر لگنے، سحر، آسیب جن اور تمام بُری باتوں سے اس کو کثرت سے تلاوت کرتا رہے۔

☆......☆......☆

جواہرات سے قیمتی

☆ بچوں کی موجودگی میں ماں باپ آپس میں تلخ گفتگو اور لڑائی جھگڑا نہ کریں۔

☆ مغرب کے بعد بچوں کو گھر سے باہر نہ جانے دیں مغرب کے بعد شیاطین کثرت سے نکلتے ہیں۔

☆ والدین بچوں کو اپنا کام خود کرنے کی عادت ڈالیں تاکہ ان میں سستی اور کاہلی کی عادت نہ پڑ جائے۔

☆ آتش بازی، باجہ یا فضول اشیاء و خریدنے کے لیے بچے کو رقم مت دو۔

☆ بچوں کو ایسے کھیل کھیلنے کی اجازت نہ دیں جن میں پیسوں یا کسی دوسری چیز کی ہار جیت ہو کیوں کہ یہ جواء ہے۔

☆ اولاد کے ساتھ ہمیشہ برابر کا سلوک کریں۔

☆ بچوں میں باہم لڑائی ہو جائے تو اپنے بچے کی بے جا حمایت نہ کریں۔

☆ والدین بچوں کے سامنے کبھی بچوں کی اصلاح سے مایوسی کا اظہار نہ کریں۔

☆ بچوں کو ایسے کھلونے لا کر نہ دیں جو انسانوں یا حیوانوں کی شباہت سے مماثلت رکھتے ہوں یا ان پر ایسی شکلیں بنی ہوئی ہیں۔

☆ سو برائیوں کی ایک برائی ٹیلی ویژن ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں بچوں کا مستقبل محفوظ رہے تو ٹیلی ویژن کا داخلہ گھر میں ممنوع قرار

Scanned by CamScanner

دے دیں۔

☆ والدین بچے کو کسی کام میں رشوت نہ دیں وگرنہ یہ عادت جوانی تک اس کے ساتھ جائے گی اور وہ لوگوں سے بھی رشوت لینے کا عادی بن جائے گا۔

☆ اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے ناموں کے احترام کی وجہ سے اسے قسمیں کھانے کا عادی نہ بنایا جائے چاہے وہ سچا ہو یا جھوٹا۔

☆ بچوں کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں۔

☆ اگر بچے کو بُرے کام کی عادت ہو جائے تو فوراً اس سے وہ کام چھڑایا جائے چاہے بچے کو اس سے بہت زیادہ تکلیف ہو۔

☆ بچوں کے ساتھ ہر وقت سخت لہجے میں بات کرنا بچے کو تنگ نظر بنا دیتا ہے۔

☆ کامیاب والدین وہ ہیں جو بچے کے چال چلن اور طور طریقوں کا حکمت کے ساتھ علاج کرتے ہیں۔

☆ بچے سے روک ٹوک کو بالکل ختم کر دینا اور بچے کے ساتھ زیادہ نرمی اختیار کرنا بھی بچے کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے۔

☆ اولاد کو پاکیزہ تعلیم و تربیت کے آراستہ کرنے کے لیے اپنی ساری کوشش و توانائی صرف کر دیں۔

☆ بچوں کو اڑوس پڑوس میں آوارہ پھرنے کی اجازت نہ دیں۔

☆ بچوں کی ہر جا و بے جا ضد پوری نہ کریں بلکہ حکمت کے ساتھ ان کی یہ

Scanned by CamScanner

عادتیں چھڑانے کی کوشش کریں۔

☆ بچوں کو چیخنے چلانے اور اونچی آواز میں گفتگو سے منع کریں اور ایسا کرنے سے خود بھی پرہیز کریں۔

☆ بچوں کے ہاتھ سے خوراک وغیرہ غریبوں کو دلوائیں تاکہ ان کے دل میں فراخ دلی، سخاوت اور فیاضی گھر کر جائے۔

☆ عورت خواہ امیر ہو کبھی کبھار بچوں کو پیوند لگے کپڑے ضرور پہنائے۔

☆ بچوں کے دل میں عیش وعشرت کے سامان کی محبت پیدا نہ ہونے دیں اور انہیں نئے نئے فیشنوں سے دور رکھیں۔ ہمیشہ ان کو سادگی کا درس دیں۔

☆ والدین چھ ماہ کے بچے کے سامنے بھی اپنے ستر سے آزاد نہ ہوں۔

☆ بچوں کو کھانے پینے، سونے، کپڑے پہننے، طہارت خانے میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کے اسلامی آداب سے آگاہ کریں۔

☆ بچوں کو ہدایت کریں کہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئیں۔

☆ ہم بچے کے بارے میں یہ سمجھتے ہیں کہ یہ چھوٹا ہے اسے کسی چیز کی خبر نہیں۔ یہ ہماری بہت بڑی غلطی ہے۔

☆ بچوں کو ابتدائی عمر میں ہی اس بات کا شوق دلانا کہ وہ ہر دم اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر کمربستہ رہیں اور گناہوں سے بچتے رہیں۔

☆ بچے کو عقائد کی باتیں بتانا بھی والدین کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔

☆ اپنے بچوں کے سامنے سگریٹ اور دیگر نشہ آور اشیاء کا استعمال نہ کرے۔

☆ بچوں کے ساتھ گزارے جانے والے وقت کے آدھے حصے میں آپ وہیں جائیں جہاں آپ کے ننھے بچے جائیں اور وہی کریں جو بچے کریں پھر باقی آدھے وقت میں بچوں کو اپنے ساتھ لے کر جائیں تا کہ وہ کچھ کر سکیں جو آپ کر رہے ہوں۔

☆ آپ ایک بچے کو بہت کچھ نہیں سکھا سکتے۔ بچہ دلچسپی اور خوشی سے ہر وہ چیز سیکھے گا جسے آپ دلچسپی اور خوشی سے اسے سکھائیں گے۔ بچے کے ساتھ مل کر علم حاصل کریں اور ایک دوسرے کے ہمراہ سیکھیں۔

☆ جہاں تک ممکن ہو بچے کو اپنے ساتھ لے کر جائیں لیکن اس چیز کا خیال رکھیں کہ کچھ وقت کے لیے آپ اسے پیچھے یا اپنے سے دور بھی چھوڑ رہے ہیں۔ آپ دونوں کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آپ ایک دوسرے کے بغیر بھی گزارا کر سکتے ہیں۔

☆ بچے کے ساتھ فرش پر بیٹھ کر زیادہ وقت گزاریں تا کہ آپ دنیا کو بچے کی نگاہ سے دیکھ سکیں۔ بچہ بھی آپ کو اپنی دنیا کا فرد سمجھے گا۔

☆ اکثر یہی دیکھنے میں آیا ہے کہ بچوں میں دو خرابیاں زیادہ پائی جاتی ہیں۔ چوری اور جھوٹ۔ بچوں سے یہی دو کام زیادہ سرزد ہوتے ہیں۔ انہی دو کی ان سے توقع کی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے والدین کو بہت زیادہ محبت کی ضرورت ہے کہ وہ بچے سے یہ عادت چھڑا کر انہیں سیدھے راستے پر گامزن کر سکیں۔

☆ پڑھنے والے بچوں کو کوئی چیز دماغ کی طاقت کی ہمیشہ کھلاتا رہیں۔

Scanned by CamScanner

ماں باپ خیال رکھیں کہ بچہ ہر وقت صاف ستھرا رہے اور جب ہاتھ منہ میلا ہو جائے تو فوراً دھلا دیں۔

لڑکیوں کو تاکید رکھیں لڑکوں میں نہ کھیلا کریں کیوں کہ اس میں دونوں کی عادتیں بگڑتی ہیں۔

اپنے گھر والوں کی یا اپنی اولاد کی کسی کے سامنے تعریف مت کریں۔

بچوں کو ہنسی میں مت اچھالیں اور کسی کھڑکی وغیرہ سے مت لٹکائیں کہیں ایسا نہ ہو کہ ہاتھ سے چھوٹ جائے۔ اسی طرح ان کے پیچھے ہنسی میں مت دوڑیں۔ شاید گر پڑیں اور چوٹ لگ جائے۔

بچے کو کھانے کا طریقہ اور محفل میں اٹھنے بیٹھنے کا طریقہ سکھلائیں۔

کبھی کبھی اس کو دو چار روپے دے دیا کریں تا کہ اپنی مرضی کے مطابق خرچ کرے۔ مگر اس کو یہ عادت ڈالیں کہ کوئی چیز تم سے چھپا نہ کر خریدے۔

چلنے میں تاکید کریں کہ بہت جلد نہ چلے اور نگاہ اوپر اٹھا کر چلے۔

اس کو عاجزی وانکساری اختیار کرنے کی عادت ڈالیں۔

جب بچے سے کوئی بات خوبی کی ظاہر ہو، اس پر خوب شاباش دیں، پیار کریں۔ بلکہ اس کو کچھ انعام تا کہ اس کا دل بڑھے۔

جب جس کی کوئی بُری عادت دیکھیں تو تنہائی میں اس کو سمجھائے یہ بُری بات ہے دیکھنے والے کیا کہتے ہوں گے۔ خبردار اور پھر آئندہ مت کرنا اچھے لڑکے ایسا نہیں کرتے۔

Scanned by CamScanner

☆ بچوں کو عادت ڈالیں کہ اپنا کام اپنے ہاتھ سے کیا کریں تاکہ اپاہج اور سست نہ ہو جائیں۔

☆ کھیل تماشہ دکھلانے کی عادت مت ڈالیں۔

☆ اولاد کو ضرور ایسا ہنر سکھا دیں جس سے ضرورت اور مصیبت کے وقت چار پیسے حاصل کر کے اپنا اور اپنے بچوں کا گزراہ کر سکے۔

☆ کسی وقت ان کو نیک لوگوں کی حکاتیں سنایا کریں۔

☆ جہاں تک ہو سکے دیندار استاد سے پڑھوائے۔

☆ مکتب میں جانے میں کبھی رعایت نہ کریں۔

☆ جب مکتب میں جانے کے قابل ہو جائے تو پہلے قرآن پڑھوائیں۔

☆ جلدی جاگنے کی عادت ڈالیں۔

☆ بہت جلدی مت سونے دیں۔

☆ اگر کوئی چیز توڑ پھوڑ دے یا کسی کو مار بیٹھے تو مناسب سزا دیں تاکہ پھر ایسا نہ کرے۔

☆ بُری باتوں سے ان کو نفرت دلاتے رہیں۔

☆ جن بچوں کی عادتیں خراب ہیں یا پڑھنے لکھنے سے بھاگتے ہیں یا تکلف کے کپڑے یا کھانے سے عادی ہیں ان کے پاس بیٹھنے سے اور ان کے پاس کھیلنے سے ان کو بچائیں۔

☆ اگر لڑکا ہے تو سفید کپڑے کی رغبت اس کے دل میں پیدا کریں۔

☆ زیادہ کھانے والوں کی برائی اس کے سامنے کیا کریں مگر کسی کا نام لے کر

نہیں۔ بلکہ اس طرح کہ کوئی بہت کھاتا ہے اس کو حبشی کہتے ہیں اور اس کو بیل سمجھتے ہیں۔

اگر لڑکی ہے تو اس کو جب تک پردے میں بیٹھنے کے لائق نہ ہو جائے زیور مت پہنائیں۔

اگر لڑکا ہو تو اس کے سر پر بال مت بڑھائیں۔

بچے کا بہت زیادہ بناؤ سنگار نہ کریں۔

بچوں کی نگہداشت کی جاتی ہے تو وہ پھول بن کر گلشن کو معطر کر دیتے ہیں۔

اس کے دودھ پلانے کیلئے اور کھلانے کیلئے وقت مقرر رکھیں تاکہ وہ تندرست رہے۔

بچے عموماً ان چیزوں سے ڈرتے ہیں جن سے ان کے والدین ڈرتے ہیں۔

نئی چیزوں سے متعارف کروائیں اور تبدیلیوں کے لیے تیار کریں۔

بچے کو حقائق سے آگاہ کریں۔

بچے کے خوف کو جھٹلانے کی بجائے اس کی تسلی کروا دیں۔

بچے کو اس بات پر مجبور نہ کریں وہ اپنا خوف چھپائے۔

کبھی بھی خوفزدہ ہونے پر بچوں کو سزا نہ دیں نہ ہی ان کا مذاق اُڑائیں۔

کسی محفل میں یا لوگوں کے سامنے بچے کو احمقانہ ناموں سے پکارنے اور سخت سست کہنے سے پرہیز کیجئے۔

شدید غصے کی حالت میں اگر بچے کو سزا دینے کا خیال آئے تو اس سے دور

Scanned by CamScanner

ہو جائے۔

☆ بچے کو ماں سے باندھے رکھنا بھی سخت غلطی ہے۔ سمجھدار بچے کو موقع دیجئے کہ وہ اپنے کھلونوں اور کپڑوں کا انتخاب خود کرے۔

☆ بچوں کی چھوٹی غلطیوں سے درگزر کیجئے۔

☆ بچوں کو عربی زبان سکھائے۔

☆ بچوں کو ماں باپ کا نام و پتہ ضرور یاد کروا دینا چاہیے۔

☆ بچے کو اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے روشناس کرائیں۔

☆ بچے کو سلام کرنے کی ترغیب دیجئے۔

☆ بچے کو شرم و حیا کی تعلیم دیجئے۔

☆ بچے کو سوال سے بچائیے۔

☆ بچے کے دل میں علماء کی اہمیت بٹھائیے

☆ بچے کو توکل علی اللہ سکھائیے۔

☆ بچے کو فضول گفتگو سے بچائیے۔

☆ بچوں کو غریبوں سے میل جول رکھنے کی تعلیم دیجئے۔

☆ بچوں کے دل میں حضور ﷺ کی محبت پیدا کیجئے۔

O-----O-----O

Scanned by CamScanner



مرکزی جامع مسجد مولانا

مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی 0300-7138929

Scanned by CamScanner